حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قرآن میں تدبر کرنے سے آدمی پہنچ جاتا ہے۔

(الف) استاد تک (ب) والدین تک (ج) بادشاہ اور وزیر تک (د) خدا تک

سوال نمبر 2: قرآن نہ پڑھنے والے مومن کی مثال بیان کی گئی ہے۔

(الف) ترنج کی سی (ب) کھجور کی سی (ج) تربوز کی سی (د) پھول کی سی

سوال نمبر 3: حدیث کے مضمون کے مطابق قرآن تب تک پڑھنا چاہیے جب تک

(الف) درد رہے (ب) تنگی رہے (ج) اچاٹ پن رہے (د) الفت اور محبت رہے

سوال نمبر 4: جو شخص قرآن کو تغنی سے نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں اس حدیث کے بارے میں بہار شریعت میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد ہے۔

(الف) صدقہ دینا (ب) صدقہ لینا (ج) استغنا (یعنی کچھ نہ لینا) (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 5: اچھی آواز سے قرآن کا بڑھ جاتا ہے۔

(الف) ریٹ (ب) وزن (ج) صفحات (د) حُسن

سوال نمبر 6: کس سورت کا لینا برکت اور چھوڑنا حسرت حدیث میں بیان کیا گیا؟

(الف) سورۃ آل عمران (ب) سورۃ مائدہ (ج) سورۃ بقرہ (د) سورۃ الانعام

سوال نمبر 7: آخری دو آیتیں رات میں پڑھ لے وہ اس کے لیے کافی ہیں۔

(الف) سورۃ آل عمران کی (ب) سورۃ تکاثر کی (ج) سورۃ بقرہ کی (د) سورۃ مائدہ کی

سوال نمبر 8: دجال سے محفوظ رہنے کے لیے کس سورت کی پہلی دس آیتیں یاد ہوں۔

(الف) سورۃ البقرہ (ب) سورۃ آل عمران (ج) سورۃ مائدہ (د) سورۃ کہف

سوال نمبر 9: بہتر شخص اسے کہا گیا جو سیکھے اور سیکھائے۔

(الف) منطق (ب) بلاغت (ج) نحو (د) قرآن

سوال نمبر 10: قرآن پاک پڑھنے میں اگر آواز اچھی نہ ہو تو۔

(الف) نہیں پڑھنا چاہیے (ب) دوسروں سے الجھنا چاہیے

(ج) اچھی آواز کی کوشش کرنی چاہیے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 11: قرآن کا دل کس سورت کو کہا گیا ہے؟

(الف) سورۃ رحمٰن (ب) سورۃ الدخان (ج) سورۃ البقرہ (د) سورۃ یٰسین

سوال نمبر 12: کون سی سورت شب جمعہ میں پڑھنے والے کی مغفرت ہو جائے گی؟

(الف) سورۃ بقرہ (ب) سورۃ الدخان (ج) سورۃ کہف (د) سورۃ یٰسین

سوال نمبر 13: ہر رات میں پڑھنے والے کو کبھی فاقہ نہیں پہنچے گا۔

(الف) سورۃ یٰسین (ب) سورۃ رحمٰن (ج) سورۃ الدخان (د) سورۃ الواقعہ

سوال نمبر 14: تہائی قرآن کے برابر کس سورت کو کہا گیا؟

(الف) سورۃ الملک (ب) سورۃ الرحمٰن (ج) سورۃ الاخلاص (د) سورۃ التکاثر

سوال نمبر 15: ایک حرف کو دوسرے حرف کی جگہ پڑھنے سے نماز کا حکم ہے۔

(الف) فاسد (ب) مکروہ (ج) اس میں تفصیل ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 16: کسی حرف کا حذف کر دینا قراءت میں نماز کو۔۔۔

(الف) فاسد کر دیتا ہے (ب) مستحب بنا دیتا ہے (ج) مکروہ تحریمی بنا دیتا ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 17: بے موقع وقف و وصل کرنے سے نماز۔۔۔

(الف) کسی جگہ درست نہیں (ب) ہر جگہ درست ہے (ج) مکروہ تحریمی ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 18: کھانے کے بعد انگلیوں کو کاغذ سے پونچھنا۔۔۔

(الف) ناجائز ہے (ب) جائز ہے (ج) مکروہ ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 19: قرآن مجید کا سائز چھوٹا کرنا کہ پڑھنے میں نہ آئے۔

(الف) مستحب ہے (ب) مکروہ ہے (ج) ناجائز ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 20: جس گھر میں قرآن پاک ہو اس میں بیوی سے صحبت کرنا۔۔۔ جبکہ پردہ پڑا ہو۔

(الف) ناجائز ہے (ب) جائز ہے (ج) مستحب ہے (د) مکروہ ہے

سوال نمبر 21: قرآن مجید کو جزدان وغلاف میں رکھنا۔۔۔

(الف) بے ادبی ہے (ب) ادب ہے (ج) مکروہ ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 22: قرآن پاک کو معروف اور شاذ دونوں قراءتوں کے ساتھ ایک ساتھ پڑھنا۔۔۔

(الف) مستحب ہے (ب) مکروہ ہے (ج) واجب ہے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 23: شہرت و عزت کی خواہش کرنا کہلاتا ہے۔۔۔

(الف) حب مدح (ب) حب جاہ (ج) طلب شہرت (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 24: اجازت شرعیہ کے بغیر کسی کی امانت میں تصرف کرنا کہلاتا ہے۔

(الف) بدعہدی (ب) غفلت (ج) خیانت (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 25: نیک اور اچھے اعمال کو ناپسند کرنا کہلاتا ہے۔

(الف) رغبت بطالت (ب) قلّت خشیت (ج) کراہت عمل (د) غضب للنفس

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **دورۃ التجوید وقراءۃ القرآن سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الفضائل وآداب القرآن+التصوف**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: قرآن مجید پڑھنے پڑھانے سے متعلق اجمالی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: قرآن پڑھنے میں ماہر کس کے ساتھ ہے؟

سوال نمبر 3: کلام اللہ کی فضیلت دوسرے کلاموں پر کیسی ہے؟

سوال نمبر 4: سورۃ فاتحہ کی فضیلت میں کوئی حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: سورۃ الدخان کی فضیلت میں کوئی حدیث تحریر فرمایئے۔

سوال نمبر 6: فاقہ سے بچنے کے لیے کونسی سورت بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 7: کون سی سورت نصف قرآن کے برابر ہے؟

سوال نمبر 8: قرآن پاک پرانا اور بوسیدہ ہو جائے تو کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 9: قرآن پاک کو معروف اور شاذ قراءتوں کے ساتھ ایک ساتھ پڑھنے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: نماز میں قراءت کرتے ہوئے ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھ دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 11: عرش کے نیچے اللہ کے خزانے میں کس چیز کو بیان کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 12: قراءت میں کسی کلمہ کو چھوڑ دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 13: قراءت میں کوئی کلمہ زیادہ کر دینے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: قراءت میں حرف یا کلمہ کی تکرار کرنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 15: قراءت میں غلطی ہو جانے سے متعلق قاعدہ کلیہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: بے موقع وقف و وصل کر دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 17: قراءت میں غلطی سے نماز فاسد ہونے کی صرف دو صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: حدیث پاک میں ہے "قرآن کو تکیہ نہ بناؤ" (مفہوم) اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: دلوں کا زنگ کن چیزوں سے دور ہوتا ہے؟

سوال نمبر 20: کلام اللہ کا ایک حرف پڑھنے والے کو ملنے والی ایک نیکی کتنے کے برابر ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: فضائل قرآن پر احادیث کی روشنی میں جامع مضمون تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: ریاکاری، محبت دنیا، طلب شہرت، تعظیم امراء اور کفران نِعَم کی تعریفات مع امثلہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: سوءِ ظن (بدگمانی)، مکروفریب، بدعہدی، تملق (چاپلوسی) اور اعتماد خلق کی تعریفات، امثلہ، احکام اور ان سے بچنے کے اسباب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قراءت میں غلطی ہو جانے پر فساد نماز کا حکم کن صورتوں میں ہوگا؟ کل 5 صورتیں مثالوں کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: کتاب "زلۃ القاری" کا درست تلفظ اور معنی بیان کرتے ہوئے شریعت مطہرہ نے جو آسانیاں عطا فرمائی ہیں ان میں سے چند ایک تحریر فرمایئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **دورۃ التجوید وقراءۃ القرآن سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **ترجمۃ القرآن+التفسیر**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "سَيَعْلَمُوْنَ" کا معنٰی ہے۔

(الف) عنقریب وہ لڑیں گے (ب) عنقریب وہ اختلاف کریں گے (ج) عنقریب وہ جان لیں گے (د) عنقریب وہ حاصل کر لیں گے

سوال نمبر 2: "مِهٰدًا" کا معنٰی ہے۔

(الف) گھر (ب) درخت (ج) بچھونا (د) زمین

سوال نمبر 3: "اَلَّيْل" کا معنٰی ہے۔

(الف) دن (ب) رات (ج) ظہر کا وقت (د) عصر کا وقت

سوال نمبر 4: "مَآءً ثَجَّاجاً" کا معنٰی ہے۔

(الف) برف والا پانی (ب) گرم پانی (ج) ہلکا پانی (د) زور دار پانی

سوال نمبر 5: "وَفُتِحَتِ السَّمَاءُ" کا معنٰی ہے۔

(الف) آسمان کھولا جائے گا (ب) آسمان بند کیا جائے گا (ج) آسمان پھاڑا جائے گا (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 6: "مِزْصَاداً" کا معنٰی ہے۔

(الف) عمدہ (ب) بہت عمدہ (ج) گھٹیا (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 7: "بَرْدًا" کا معنٰی ہے۔

(الف) گرم (ب) ٹھنڈا (ج) میٹھا (د) نرم

سوال نمبر 8: "اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ" کا معنٰی ہے۔

(الف) ہم تمہیں ڈرا چکے (ب) ہم تمہیں خوشخبری سنا چکے (ج) ہم تمہیں پیدا کر چکے (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 9: "وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقاً" کا معنٰی ہے۔

(الف) دریا بہانے والا (ب) ہوائیں چلانے وال

(ج) بادل برسانے والے فرشتوں کی قسم (د) سختی سے جان کھینچنے والوں کی قسم

سوال نمبر 10: "اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ" کا معنٰی ہے۔

(الف) نگاہیں اٹھی ہوئی ہوں گی (ب) نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی (ج) نگاہیں ادھر ادھر دیکھتی ہوں گی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: "اِذْهَبْ" کا معنٰی ہے۔

(الف) آؤ (ب) کھاؤ (ج) پیو (د) جاؤ

سوال نمبر 12: "وَاَهْدِيَكَ" کا معنٰی ہے۔

(الف) میں تمہیں عطا کروں گا (ب) میں تم سے لے لوں گا (ج) میں تم سے بدلہ لوں گا (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 13: "عِظَاماً نَّخِرَةً" کا معنٰی ہے۔

(الف) مضبوط بال (ب) کمزور بال (ج) گلی ہوئی ہڈیاں (د) مضبوط ہڈیاں

سوال نمبر 14: "فَكَذَّبَ وَعَصٰى" کا معنٰی ہے۔

(الف) مانا اور اطاعت کی (ب) مارا اور چلا گیا (ج) دیکھا اور قریب آیا (د) اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی

سوال نمبر 15: "وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا" کا معنٰی ہے۔

(الف) رات کو تاریک کیا (ب) رات کو روشن کیا (ج) رات میں چاند نکالا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 16: "اَلْحَيٰوةَ الدُّنْيَا" کا معنٰی ہے۔

(الف) دنیا کی نمائش (ب) دنیا کا مال (ج) دنیا کی زندگی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 17: "اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ" کا معنٰی ہے۔

(الف) تم صرف کھلانے والے ہو (ب) تم صرف پلانے والے ہو (ج) تم صرف ڈرانے والے ہو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 18: "اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ" کا معنٰی ہے۔

(الف) یہ نصیحت ہے (ب) یہ انعام ہے (ج) یہ سزا ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 19: "فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَه" کا معنٰی ہے۔

(الف) تو جو چاہے قرآن کو یاد کرے (ب) تو جو چاہے بھلا دے

(ج) تو جو چاہے قرآن لے کر چلا جائے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 20: "وَزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا" کا معنٰی ہے۔

(الف) زیتون اور انگور (ب) زیتون اور کھجور (ج) زیتون اور کشمش (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 21: "وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ" کا معنٰی ہے۔

(الف) اپنی ماں اور اپنے بھائی (ب) اپنی ماں اور اپنے بیٹے (ج) اپنی ماں اور اپنے باپ (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 22: "مَتَاعًا لَّكُمْ" کا معنٰی ہے۔

(الف) تمہارے فائدے کے لیے (ب) تمہارے نقصان کے لیے

(ج) تمہارے اور تمہارے گھر والوں کے لیے (د) یہ تمہارے اور تمہارے دوستوں کے لیے

سوال نمبر 23: "اَلشَّمْسُ" کا معنٰی ہے۔

(الف) چاند (ب) سورج (ج) ستارے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 24: "اَلْوُحُوْشُ" کا معنٰی ہے۔

(الف) وحشی پرندے (ب) وحشی انسان (ج) وحشی جانور (د) وحشی جنات

سوال نمبر 25: "فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ" کا معنٰی ہے۔

(الف) پھر تم کدھر جاتے ہو؟ (ب) پھر تم کیا کھاؤ گے؟ (ج) پھر تم کیا پیو گے؟ (د) ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **دورۃ التجوید وقراءۃ القرآن سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید والقراءۃ**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: مصنف "مقدمہ جزریہ" ہیں۔

(الف) عبدالرحمٰن (ب) محمد بن جزری (ج) محمد بن غزالی (د) احمد بن جزری

سوال نمبر 2: مقدمہ جزریہ میں اشعار ہیں۔

(الف) 104 (ب) 106 (ج) 109 (د) 107

سوال نمبر 3: مقدمہ جزریہ میں مخارج کی تعداد بیان ہوئی۔

(الف) 14 (ب) 16 (ج) 17 (د) 19

سوال نمبر 4: صفت نقشی پائی جاتی ہے۔

(الف) س میں (ب) ص میں (ج) ز میں (د) ش میں

سوال نمبر 5: صفت استطالت پائی جاتی ہے۔

(الف) ز میں (ب) س میں (ج) ص میں (د) ض میں

سوال نمبر 6: فوائد مکیہ میں مخارج بیان کئے گئے ہیں۔

(الف) 14 (ب) 16 (ج) 17 (د) 19

سوال نمبر 7: حروف مذلقہ کی تعداد ہے۔

(الف) 03 (ب) 04 (ج) 06 (د) 07

سوال نمبر 8: ل، ن، ر کا مخرج ایک بیان کیا ہے۔

(الف) امام سیبویہ نے (ب) امام فراء نے (ج) امام خلیل (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 9: "نوک زبان اور ثنایا سفلی کا کنارہ مع اتصال ثنایا علیا" مخرج ہے۔

(الف) ظ، ذ، ث کا (ب) ط، د، ت کا (ج) ص، ز، س کا (د) ل، ن، ر کا

سوال نمبر 10: ج، ش میں صفت ممیّزہ ہے۔

(الف) اطباق واذلاق (ب) استعلاء وانفتاح (ج) شدت وہمس (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 11: وحَاءحَصحَصَ سے مراد ہے۔

(الف) ح کو لمبا کرنا (ب) ح کو پر کرنا (ج) ح کو باریک کرنا (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 12: "وَرَاعِ شِدَّةً بِكَافٍ وَّبتا" سے مراد ہے۔

(الف) ک اور تا کو مرقق کرنا (ب) ک اور تا کو مفخم کرنا (ج) ان میں صفت شدت کو ترجیح دینا (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 13: کیفیت وقف بلحاظ رسم کی صورتیں ہیں۔

(الف) 03 (ب) 04 (ج) 05 (د) 02

سوال نمبر 14: کیفیت وقف بلحاظ وصل کی صورتیں ہیں۔

(الف) 02 (ب) 03 (ج) 04 (د) 05

سوال نمبر 15: حرف مد محذوفہ کا ثابت رکھنا ضروری ہے۔

(الف) وقف بالاظہار میں (ب) وقف بالاثبات میں (ج) وقف بالاسکان میں (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 16: وقف کرنا ہوتا ہے۔

(الف) کلمہ کی ابتداء میں (ب) کلمہ کے درمیان میں (ج) کلمہ کے آخر میں (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 17: ہائے ضمیر میں "روم واشمام"

(الف) جائز نہیں (ب) جائز ہے (ج) مکروہ ہے (د) کچھ نہیں

سوال نمبر 18: حرف موقوف علیہ متحرک میں روم واشمام بھی جائز ہے بشرطیکہ

(الف) حرکت اصلی ہو (ب) حرکت عارضی ہو (ج) تنوین ہو (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 19: حرف موقوف علیہ ہائے تانیث واقع ہو تو وقف ہوگا۔

(الف) اسکان (ب) اظہار (ج) اثبات (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 20: حرف موقوف علیہ نون یا میم مشدد ہو تو غنہ ہوگا۔

(الف) دو الف (ب) اڑھائی الف (ج) تین الف (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 21: حرف موقوف علیہ کے ماقبل (پہلے) سکون اصلی ہو تو بجائے وقف باالاسکان کے بہتر ہے۔

(الف) وقف بالاشمام کرنا (ب) وقف بالروم کرنا (ج) وقف بالسکون کرنا (د) وقف بالتشدید کرنا

سوال نمبر 22: نون مخفی اور مد غم بادغام ناقص کا مخرج ہے۔

(الف) حلق (ب) جوف دہن (ج) شفتین (د) خیشوم

سوال نمبر 23: اکثر حصہ زبان کا تالو سے مل جاتا ہے۔

(الف) حروف مستعلیہ میں (ب) حروف مطبقہ میں (ج) حروف مذلقہ میں (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 24: قطب جَدٍ مجموعہ ہے۔

(الف) حروف متوسطہ کا (ب) حروف مصمتہ کا (ج) حروف مذلقہ کا (د) حروف قلقلہ کا

سوال نمبر 25: "ف، ہ" کہلاتے ہیں۔

(الف) قوی حروف (ب) ضعیف حروف (ج) اضعف حروف (د) اقوی حروف

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **دورۃ التجوید وقراءۃ القرآن سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید والقرءۃ**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: فوائد مکیہ کی روشنی میں تجوید کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: صفات لازمہ متضادہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: مِن لَّدُنَا میں ادغام مع الغنہ کس کے نزدیک ہے؟

سوال نمبر 4: "یوف کا قاعدہ" جو مشہور ہے بیان کیجئے اور اسکا حکم بھی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ہائے ضمیر کب مکسور ہوگی؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: ادغام متجانسین اور متقاربین کتنی قسم پر ہے؟

سوال نمبر 7: وقف واقع ہونے کی چار صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: وقف بالاظہار اور وقف بالاثبات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: ترتیل، تدویر اور حدر کی تعریفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: کوئی سی پانچ 05 علامات وقف اور انکا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: علامات وصل کتنی اور کون کونسی ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: سکتہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: مقدمہ جزریہ میں "باب استعمال الحروف" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 14: مقدمہ جزریہ میں "باب التحذیرات" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: مدّ واجب اور مد جائز کون سی ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: راءِ مرامہ اور راءِ ممالہ کی تعریف اور حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: مد متصل وقفی میں بحالت "روم" کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 18: مدلین عارض میں بحالت "روم" کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: لفظ "فِرقٍ" میں وقف کرنے سے را کو بہتر پڑھنے کی صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: وقف بالتشدید منوّن میں روم واشمام کا کیا حکم ہے؟ بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: "باب همز الوصل" کے عنوان سے علامہ جزری رحمہ اللہ نے جو باب باندھا ہے اسکے چار اشعار ترجمہ و تشریح کے ساتھ بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 2: مقدمہ جزریہ میں بیان کردہ باب معرفۃ الوقوف کی روشنی میں وقف کی اقسام مع احکام مفصل بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 3: سکوت اور قطع کی تعریف اور انکی پانچ پانچ اقسام مع احکام بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 4: فوائد مکیہ کی روشنی میں ہمزہ کی اقسام تعریفات وامثلہ کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: حروفِ متحدہ فی المخرج جو صفات ممیّزہ کیوجہ سے ممتاز ہوتے ہیں کوئی سے چھ حروف صفاتِ ممیّزہ کی تفصیل کے ساتھ بیان فرمائیے۔

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: دورۃ التجوید وقراءۃ القرآن سال دوم پرچہ: دوسرا مضمون: ترجمۃ القرآن+التفسیر

تاریخ: 13-02-2024 دن: منگل کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "اِذَاالشَّمْسُ كُوِّرَتْ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "وَمَاهُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "وَاِذَاالْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "كِرَاماً كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَاتَفْعَلُوْنَ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: "وَفِيْ ذَالِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: "فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْداً" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: "قَدْاَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ○ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: "وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَاَبْقٰى" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "وَاِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: "فَذَكِّرْ اِنَّمَا اَنْتَ مُذَكِّرٌ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: "وَالْفَجْرِ ○ وَلَيَالٍ عَشْرٍ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: "يَآاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: "اِرْجِعِيْ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: "فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: "وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: "اُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ۔۔۔الخ" کون لوگ ہدایت یافتہ اور کامیاب ہیں نیز انکے کیا اوصاف ہیں؟

سوال نمبر 2: "وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔۔۔الخ" بعض لوگ مومنوں سے ملتے وقت کچھ اور اپنے دوستوں سے ملتے وقت کچھ اور ہوتے ہیں یہ کون لوگ ہیں اور انکی مذموم صفات کیا ہیں؟

سوال نمبر 3: "وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔۔۔الخ" ایمان والوں کو کیا بشارت دی گئی اور اسکی نعمتیں کیا ہیں؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰئِكَةِ اسْجُدُوْا۔۔۔الخ" اللہ کے حکم پر آدم علیہ السلام کو کس نے سجدہ کیا اور کس نے نہیں کیا اور کیوں نہیں کیا؟ نیز اسکا انجام بیان فرمائیے۔

سوال نمبر 5: "وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ۔۔۔الخ" فرعون کون تھا؟ اور اللہ نے اس سے کس کو نجات دی؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔